Signature
13/2/26
C.O
DD(P&PR)
13/02/26.
Dir (Prog)


DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس لاہور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 25 شمارہ 345 | جمعۃ المبارک، 24 شعبان المعظم، 13 فروری 2026ء، 2 پھاگن، صفحات 12 قیمت 40 روپے


# دھی رانی پروگرام، پاکپتن میں 100 جوڑوں کی اجتماعی شادیاں

## وزیر سماجی بہبود سہیل شوکت بٹ نے دلہنوں کو دو دو لاکھ سلامی دی

لاہور، پاکپتن (اپنے سٹاف رپورٹر سے، اپنے نمائندے سے، نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا انقلابی دھی رانی پروگرام ریاستی فلاحی ذمہ داری کے عملی نفاذ اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کی روشن مثال ہے، جس کے تحت مستحق بیٹیوں کو باعزت اور باوقار انداز میں رخصت کر کے ان کے گھر آباد کرنے کا خواب شرمندہ تعبیر کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے ویژن پنجاب کی بیٹیوں پر دستِ شفقت، خوشیاں اور خوشحالی ہر گھر تک کے مطابق یہ پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا اور جامع اجتماعی شادی پروگرام ہے، جو سماجی انصاف اور عوامی خدمت کے نئے معیار متعین کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے پاکپتن کی نجی مارکی میں منعقدہ 100 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب سے بحیثیت مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی، ڈپٹی کمشنر آصف رضا، ڈی پی او جاوید اقبال چدھڑ، ممبران صوبائی اسمبلی سردار منصب علی ڈوگر، میاں فاروق احمد خان مانیکا، چوہدری عمران اکرم جٹ، موتیا مسعود خالد، افشاں وقار، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عاصمہ نورین، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر مدیحہ گیلانی سمیت سیاسی و سماجی شخصیات اور 100 جوڑوں کے اہل خانہ اور ان کے مہمانوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب کے آغاز پر نو بیاہتا جوڑوں اور مہمانانِ گرامی کا ڈھول کی تھاپ پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ صوبائی وزیر نے اس موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے ہر دلہن کو دو لاکھ روپے سلامی کارڈ بطور تحفہ پیش کیا جبکہ دلہا و دلہن کے لیے خوبصورت عروسی ملبوسات فراہم کیے گئے۔ شرکاء کے لیے پر تکلف ضیافت کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔

E-mail:ausafd@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف لاہور
DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 28 | جمعۃ المبارک، 24 شعبان المعظم 1447ھ، 13 فروری 2026ء، 2 پھاگن 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 92

13/2/26
C.O
DD (P&PR)
13/02/26
DIR (Prg)

# مزید 100 جوڑوں کی اجتماعی شادی، حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، سہیل شوکت

## وزیر اعلیٰ کے "ویژن" پنجاب کی بیٹیوں پر دستِ شفقت، خوشیاں اور خوشحالی ہر گھر تک" جامع اجتماعی شادی پروگرام ہے

### "دھی رانی پروگرام" نہ صرف مالی معاونت فراہم بلکہ مستحق خاندانوں کے اعتماد کی بحالی کا ذریعہ بھی بن رہا ہے، صوبائی وزیر

لاہور (نیوز رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا انقلابی "دھی رانی پروگرام" ریاستی فلاحی ذمہ داری کے عملی نفاذ اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کی روشن مثال ہے، جس کے تحت مستحق بیٹیوں کو باعزت اور باوقار انداز میں رخصت کر کے ان کے گھر آباد کرنے کا خواب شرمندۂ تعبیر کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے "ویژن" پنجاب کی بیٹیوں پر دستِ شفقت، خوشیاں اور خوشحالی ہر گھر تک" کے مطابق یہ پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا اور جامع اجتماعی شادی پروگرام ہے، جو سماجی انصاف اور عوامی خدمت کے نئے معیار متعین کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے پاکپتن کی نجی مارکی میں منعقدہ 100 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب سے بحیثیت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 73)

| اوصاف | اجتماعی شادیاں | 73 |
|---|---|---|

مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی، ڈپٹی کمشنر آصف رضا، ڈی پی او جاوید اقبال چدھڑ، ممبران صوبائی اسمبلی سردار منصب علی ڈوگر، میاں فاروق احمد خان مانیکا، چوہدری عمران اکرم جٹ، سوتیا مسعود خالد، افشاں وقار، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عاصمہ نورین، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر مدیحہ گیلانی سمیت سیاسی و سماجی شخصیات، معززینِ علاقہ، میڈیا نمائندگان اور 100 جوڑوں کے اہل خانہ اور ان کے مہمانوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب کے آغاز پر نو بیاہتا جوڑوں اور مہمانانِ گرامی کا ڈھول کی تھاپ پر پرتپاک استقبال کیا گیا، جس سے فضا خوشیوں اور دعاؤں سے گونج اٹھی۔ صوبائی وزیر نے اس موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے ہر دلہن کو دو لاکھ روپے سلامی (اے ٹی ایم کارڈ) بطور تحفہ پیش کی، جبکہ دلہا و دلہن کے لیے خوبصورت عروسی ملبوسات فراہم کیے گئے۔ شرکاء کے لیے پرتکلف ضیافت کا خصوصی اہتمام کیا گیا جس نے تقریب کی وقعت میں مزید اضافہ کیا۔ صوبائی وزیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت پنجاب فلاحی ریاست کے تصور کو عملی شکل دے رہی ہے۔ "دھی رانی پروگرام" نہ صرف مالی معاونت فراہم کرتا ہے بلکہ مستحق خاندانوں کے وقار اور اعتماد کی بحالی کا ذریعہ بھی بن رہا ہے۔

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

# مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر، عبدُ الباقی کاکڑ

جلد:15 | جمعۃ المبارک 24 شعبان المعظم 1447ھ 13 فروری 2026ء 2 پھاگن 2082ب صفحات:26 قیمت:35 روپے | شمارہ: 325


13/2/26

C.O

DD (P&PR)

13/02/26.

DIR (Prog)

## ضلع راجن پور میں آج 182 جوڑوں کی اجتماعی شادیاں ہونگی

### صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ بطورِ مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے



راجن پور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے انیشیٹو "دھی رانی پروگرام" کے تیسرے مرحلے کے تحت ضلع راجن پور میں آج (جمعہ) 182 نوبیاہتا جوڑوں کو اجتماعی تقریب کے دوران نیک تمناؤں اور دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا جائے گا۔ اس پروقار تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ بطورِ مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر راجن پور عمران حسین رانجھا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد عمران، مقامی پارلیمنٹیرین، ضلعی و انتظامی افسران، معززینِ علاقہ، دلہا اور دلہن کے عزیز و اقارب کی بڑی تعداد بھی شریک ہوگی۔ اجتماعی شادی کی اس تقریب کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے خصوصی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں تاکہ شرکاء کو بہترین سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

13/2/26
C.O
DDCP&PRJ

DAILY 42
ABC Certified
LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر :14 | جمعۃ المبارک 13 فروری 2026ء، 24 شعبان المعظم 1447ھ، یکم پھاگن، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ 134

# دھی رانی پروگرام: پاکپتن میں 100 جوڑوں کی اجتماعی شادی

## نوبیاہتا جوڑوں کا پرتپاک استقبال، مہمانوں کیلئے پرتکلف ضیافت کا اہتمام

پاکپتن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا "دھی رانی پروگرام" مستحق بیٹیوں کے لیے ریاستی فلاحی اقدام کی روشن مثال قرار۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ کی زیر صدارت 100 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب ہوئی، پنجاب کی بیٹیوں پر دستِ شفقت، خوشیاں اور خوشحالی ہر گھر تک ویژن پر عملی پیش رفت ہے۔ دھی رانی پروگرام کو پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا اجتماعی شادی منصوبہ قرار دیا گیا، ہر دلہن کو وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے دو لاکھ روپے سلامی، عروسی ملبوسات بھی فراہم کئے گئے۔ نوبیاہتا جوڑوں کا ڈھول کی تھاپ پر پرتپاک استقبال، مہمانوں کے لیے پرتکلف ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔

13/02/26.

DIR (Proj)

CamScanner